© rasailojaraid.com

# مطبوعات

**تزکیۂ نفس** | تالیف مولانا امین احسن اصلاحی۔ شائع کردہ مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی پاکستان، اچھرہ، لاہور۔ قیمت تین روپے آٹھ آنے۔ صفحات ۳۱۲۔ طباعت اور کتابت کا معیار عمدہ۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جہاں ایک طرف معلّم کتاب و حکمت تھے، وہاں وہ مزکّی اور مربّی بھی تھے۔ انہوں نے اپنے ماننے والوں کے دلوں کو نفسانیت کی ساری آلائشوں سے پاک کر کے، ان میں اخلاص اور بے لوثی کا رنگ بھرا۔ حضورؐ نے جتنا زور معاشرے کی اصلاح پر دیا اتنی ہی توجہ انہوں نے تعمیر سیرت پر صرف کی۔ کیونکہ اجتماعی اصلاح و ترقی کا کوئی پروگرام اس وقت تک پایۂ تکمیل کو نہیں پہنچ سکتا جب تک اجتماعیت کی بنیادی اکائی یعنی فرد کی اصلاح نہ کی جائے۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمانوں کے اندر ہر دور میں پاک باز انسانوں کا ایک گروہ اس طرف ضرور متوجہ رہا۔ لیکن اس امر میں بھی کوئی شک نہیں کہ تزکیۂ نفس کے اس اہم کام میں غیر مسلم اقوام کے اختلاط کی وجہ سے بعض ایسے طریقے بھی شامل ہو گئے جو حضورؐ اور ان کے جلیل القدر صحابہ سے ثابت نہیں۔ اس چیز کی ایک عرصہ سے ضرورت محسوس کی جا رہی تھی کہ اللہ کا کوئی بندہ اس موضوع پر سیر حاصل بحث کر کے بتائے کہ اسلام میں تزکیۂ نفس کا مفہوم کیا ہے اور اسے کس طرح حاصل کیا جا سکتا ہے۔ مقامِ شکر ہے کہ اس اہم فرض کی بجا آوری مولانا امین احسن اصلاحی نے اپنے ذمہ لی۔ زیرِ تبصرہ کتاب مولانا کے تربیتی لیکچروں کا مجموعہ ہے جو انہوں نے جماعت اسلامی کی تربیت گاہوں میں تزکیۂ نفس کے عنوان سے دیئے تھے۔ اس حصہ میں جن موضوعات پر بحث کی گئی ہے اُن میں چند ایک یہ ہیں: دین میں تزکیۂ نفس کی اہمیت اور اس کی عمومی ضرورت، انبیاء علیہم السلام کی بعثت کا اصل مقصد تزکیہ ہے، تزکیۂ علم، تدبر قرآن اور اس کے آداب و شرائط، اسوۂ حسنہ، حجاباتِ علم، کتمانِ علم کے اسباب اور اس کا علاج وغیرہ وغیرہ۔ پھر اس کتاب میں مولانا نے تزکیۂ نفس کے متعلق ایک بہت بڑی غلط فہمی یعنی یہ کوئی راز کی چیز ہے، کوئی

© rasailojaraid.com